
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت ٹیچر بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ • بچوں میں کتابیں ''میز کے نیچے'' تقسیم کریں اور اسکا پہلا صفحہ کھلوائیں۔ ٹیچر پہلے صفحے کو کلاس میں پڑھ کر سنائیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ کون یہ کتاب پڑھ کر سنانا چاہتا ہے۔ ٹیچر اپنے اندازے سے چند بچوں سے باری باری پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی کھولیں اور الگ الگ کالم میں صبح، دوپہر اور رات کے کھانے میں جو چیزیں کھانا پسند ہیں ان کی فہرست بنائیں۔ ان سے یہ بھی کہیں کہ وہ کوپی میں لکھیں کہ کھانے کے وقت ان کے ساتھ کون کون کھانا کھاتا ہے۔

**نوٹ**

اگر یہ کتاب رمضان کے مہینے میں پڑھائی جارہی ہو تو بچوں سے سحری اور افطاری کی تفصیل لیں۔ جو بچے روزہ رکھتے ہیں ان سے پوچھیں ان کو روزہ رکھ کر بھوک لگتی ہے یا نہیں۔

15 منٹ • اب بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں تصویر بنائیں کہ ان کے گھر پر کھانا کھانے کا کیا منظر ہوتا ہے اور ان کے ساتھ کون کون کھانا کھاتا ہے۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچوں سے کہیں کہ گھر جا کر اپنے ابّو اور امّی یا کسی بڑے سے جن کو انکا بچپن یاد ہے ان سے پوچھیں کہ جب وہ بہت چھوٹے تھے تو گھر میں کن کن جگہوں میں چھپتے تھے۔

# سیشن 2

10 منٹ • بچوں سے باری باری ان کے بچپن کی باتیں جو ان کے امّی اور ابّو نے انکے بارے میں بتائی ہیں وہ سنیں۔

10 منٹ • بات چیت کے بعد واحد جمع پر کام کروائیں۔ بچوں سے کہیں کتاب کی تصویریں دیکھیں اور ان میں سے ایسے الفاظ چنیں جن کی جمع بن سکتی ہو۔ان الفاظ کو ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں کے ساتھ مل کر جمع بنائیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| چپل | چپلیں |
| جوتا | جوتے |
| ٹانگ | ٹانگیں |
| کرسی | کرسیاں |
| کھانا | کھانے |

| واحد | جمع |
|---|---|
| آواز | آوازیں |
| برتن | برتن |
| مکھی | مکھیاں |
| گلاس | گلاس |
| چمچہ | چمچے |

15 منٹ • یہ کام مکمل کرنے کے بعد بچے اپنی کوپی کھولیں۔ کتاب میں دیے گئے کوئی بھی پانچ جملے چُن کر ان کے آگے ایک اور جملہ لکھ کر اسے مکمل کریں مثلاً:

1) میز کے نیچے میری بلّی بیٹھی ہے۔

2) دادا کا انگھوٹا بہت موٹا ہے۔

5 منٹ • جب بچے کام مکمل کرلیں تو اپنے لکھے ہوئے جملے باری باری کلاس کے دوسروں بچوں کو سنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • کتاب غور سے پڑھیں۔ املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • بچوں سے کہیں کے اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔

- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ • اب ٹیچر بچوں کو اسم کے بارے میں بتائیں کہ اسم مختلف چیزوں کے نام کو کہتے ہیں۔ کلاس میں آس پاس کی چیزوں کی مثال دیتے ہوئے اسم سمجھائیں۔

15 منٹ • اب بچوں سے کہیں کہ اپنی کتابیں کھولیں اور تصویریں دیکھ کر اسم کی نشاندہی کریں۔ بچے جن چیزوں کے نام بتائیں ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے اس فہرست کو اپنی کوپی میں اتاریں۔

**نوٹ**

اس موقع پر اگر کوئی بچہ صحیح اسم نہیں پہچان سکے تو اس concept کو سمجھائیں۔ یہ بھی بتائیں کہ کیا وجہ ہے کہ وہ لفظ اسم نہیں ہے۔

# سیشن 4

20 منٹ • بچوں کو یاد دلائیں کہ انکے امّی ابّو نے انکے بچپن میں کی ہوئی شرارتیں جس میں وہ چھپ جاتے تھے اس کے جو قصے انہیں سنائے تھے وہ 10 جملوں کے پیراگراف میں لکھیں۔

20 منٹ • جب بچے کام مکمل کرلیں تو اپنے لکھے ہوئے مضمون کو باری باری کلاس کے دوسروں بچوں کو سنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • گھر جاکر میز کے نیچے کتاب خود سے پڑھیں اگر پڑھنے میں مشکل ہو تو گھر میں کسی سے مدد لے لیں۔ پھر گھر میں کسی ایک جگہ بیٹھ کر آس پاس کی چیزوں کو غور سے دیکھیں اور ان کی فہرست بنائیں۔

# سیشن 5

20 منٹ • بچے باری باری گھر میں بنائی ہوئی فہرست سنائیں۔ بچے جب فہرست سنا رہے ہوں تو ٹیچر ان میں سے 20 الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کے ساتھ مل کر ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ بچے اس فہرست کو اپنی کوپی میں اتاریں۔ فہرست اتارنے سے پہلے ٹیچر تمام الفاظ بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیں۔

25 منٹ • نیچے دی گئی خالی جگہ پُر کروائیں۔ خالی جگہ میں کتاب میں دی ہوئی چیزوں اور لوگوں کے نام پُر کریں۔ بچے ان ناموں میں سے جو بھی پُر کریں انھیں صحیح مارک کریں۔

**مثلاً**

چمچے کی آواز، یا برتن کی آواز

1) میز کے ______ پیر۔

2) بھائی کے آتے جاتے ______۔

3) دادا کی ______۔

4) ابّو کی ______۔

5) ______ کی ٹھیری دم۔

6) ______ کی گیلی ناک۔

7) ہوا میں اڑتی ______۔

8) ______ سے لٹکتی ہوئی ______۔

9) چھوٹی کا ______ منہ۔

10) میز کے نیچے ______۔

# میز کے نیچے

## ٹیچرز گائیڈ


bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk


Not For Sale